DIRCTORATE OF EDUCATION, GNCT, DELHI

(ANNUAL PRACTICE QUESTION PAPER 2025-26)

SUBJECT: URDU-I

CLASS-VIII

TIME:2:30 Hrs. Max.Marks :60

سوال 1۔ مندرجہ ذیل غیر درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھیے۔ 5

ہمارا ملک ہندوستان تہواروں کا ملک ہے۔ یہاں بہت سے مذاہب کے ماننے والے ایک ساتھ رہتے ہیں۔ ہر مذہب کے ماننے والوں کے مخصوص عقیدے اور رسم و رواج ہیں۔ سبھی تہوار خوشی اور امن کا پیغام دیتے ہیں۔ جو تہوار پورے ملک میں منائے جاتے ہیں ان میں ہولی، دیوالی، عیدالفطر، عیدالاضحیٰ، کرسمس، گرونانک جینتی اور رام نومی قابل ذکر ہیں۔ یہ تہوار ہندوستانی تہذیب کے مختلف پہلوؤں کی نمائندگی کرتے ہیں۔

(i) ہمارا ملک ہندوستان کس کا ملک ہے؟

a۔ کھیلوں کا b۔ کسانوں کا

c۔ تہواروں کا d۔ مذاہب کا

(ii) سبھی تہوار کس کا پیغام دیتے ہیں؟

a۔ دوستی کا b۔ خوشی اور امن کا

c۔ نفرت اور انتشار کا d۔ مل جل کر رہنے کا

(iii) کون سا تہوار پورے ملک میں نہیں منایا جاتا؟

a۔ عیدالفطر b۔ دیوالی

c۔ کرسمس d۔ اونم

(iv) ہندوستانی تہذیب کے مختلف پہلوؤں کی نمائندگی کون کرتے ہیں؟

a۔ رسم و رواج b۔ عقیدے

c۔ تہوار d۔ امن

(v) لفظ خوشی کا متضاد کیا ہے؟

a۔ خوشیوں b۔ اداسی

c۔ مسکراہٹ d۔ غم

سوال2۔درج ذیل غیر درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جوابات دیجیے۔ 5

شبنم کے آئینے کا عکس چمن دکھانا
پتّوں کا شاد ہونا اور تالیاں بجانا
پھولوں میں دلکشی ہے کانٹوں میں تازگی ہے
ہر دل میں اک خوشی ہے ہر سمت روشنی ہے
وادی پہاڑ صحرا ہر ایک جگمگایا
دریا کو جوش آیا ساحل بھی گنگنایا

(i) کانٹوں میں کیا ہے؟

(a) تازگی (b) پانی (c) پتے (d) ان میں سے کوئی نہیں

(ii) شبنم کے آئینے کا عکس۔۔۔۔۔۔۔۔۔مصرع مکمل کیجیے۔

(a) جگمگانا (b) گنگنانا (c) بجانا (d) چمن دکھانا

(iii) 'صحرا' کے کیا معنی ہیں؟

(a) جنگل (b) ریگستان (c) سمندر (d) ندی

(iv) مصرع میں دریا کو کیا آیا ؟

(a) غصّہ (b) جوش (c) ہنسی (d) چکّر

(v) پھول کی جمع کیا ہے؟

(a) اشجار (b) درخت (c) شجر (d) پھولوں

سوال۔3 درج ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جواب دیجیے۔ 5

ایک بڑھیا جنگل بیابان میں جہاں نہ آدم نہ آدم زاد، ایک بڑے درخت کے نیچے بیٹھی تھی۔ خدا کا کرنا کیا ہوا کہ انھیں دنوں جاڑا، گرمی اور برسات کا جھگڑا ہوا۔ جاڑا کہتا میں اچھا، گرمی کہتی میں اچھی، برسات کہتی میں اچھی۔ آخر یہ صلاح ہوئی کہ چلو، چل کر کسی آدم زاد سے پوچھیں۔ ان کا جو ادھر سے گزر ہوا تینوں نے کہا" لو بھئی، وہ سامنے ایک بڑھیا بیٹھی ہے چلو اس سے پوچھیں۔ سب سے پہلے میاں جاڑے آئے۔ گوری گوری رنگت، گلّے ایسے جیسے انار کا دانہ۔ سفید لمبی داڑھی، موٹا سا روئی کا دگلہ پہنے ،خوب اوڑھے لپٹے آئے۔

(i) بڑھیا کہاں بیٹھی تھی؟

(a) سڑک پر (b) گھر پر (c) درخت کے نیچے (d) محل میں

(ii) یہاں پر کتنے موسموں کا ذکر کیا گیا ہے؟

(a) چار (b) دو (c) ایک (d) تین

(iii) بڑھیا سے پوچھنے، سب سے پہلے کون آئے؟

(a) میاں جاڑے (b) گرمی (c) سردی (d) برسات

(iv) لفظ 'بیابان' کا مطلب کیا ہے؟

(a) جنگل (b) کھیت (c) باغ (d) پھول

(v) درج ذیل اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(a) ایک مزے دار کہانی (b) کندن لال سہگل (c) حضرت محل (d) رفیع احمد قدوائی

سوال 4 درج ذیل درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجئے۔ 5

یہ ہے میرا ہندستان
میرے سپنوں کا جہان

اس سے پیار مجھ کو

ہنستا گاتا جیون اس کا، دھوم مچاتے موسم
گنگا جمنا کی لہروں میں سات سروں کا سرگم
تاج ایلورہ جیسے سندر تصویروں کے البم

یہ ہے میرا ہندستان

(i) ہمارے ملک کا نام کیا ہے؟

(a) امریکہ (b) جاپان (c) ہندستان (d) دہلی

(ii) شاعر نے کن ندیوں کا ذکر کیا ہے؟

(a) سندھ (b) گنگا (c) جمنا (d) b اور c دونوں

(iii) شاعر نے دھوم مچاتا کسے کہا ہے؟

(a) موسم کو (b) بادل کو (c) تاج کو (d) بارش کو

(iv) شاعر نے تصویروں کا البم کسے کہا ہے؟

(a) ندیوں کو (b) کھیتوں کو (c) تاج کو (d) موسموں کو

(v) اس نظم کے شاعر کا نام کیا ہے؟

(a) زبیر رضوی (b) روش صدّیقی (c) علامہ اقبال (d) فراق گورکھپوری

سوال 5۔ نیچے دیئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 100 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھئے۔ 5

(i) کمپیوٹر (ii) میرا پسندیدہ تہوار (iii) میرا دوست

سوال 6۔ اپنے پرنسپل کے نام سیکشن بدلنے کے لیے درخواست لکھیے۔ 5

یا

چھوٹی بہن کو امتحان میں کامیابی کی مبارکباد دینے کے لیے خط لکھیے۔

سوال 7۔ دی ہوئی ہدایات کے مطابق سوالوں کے جواب دیجئے۔ 10

(i)۔ نیچے دیئے گئے الفاظ میں سے صرف دو کے جملے بنائیے۔

عزّت۔ اخلاق۔ عزیز۔ خوش گوار

(ii)۔ نیچے دیئے گئے لفظوں میں سے صرف چار کے متضاد لکھئے۔

بہادر۔ انتہا۔ ادنی۔ نیک۔ دوست۔ ابتدا

(iii)۔ جب جملہ پورا ہوتا ہے تو لگائے جانے والے نشان کو کیا کہتے ہیں؟

(واوین، رابطہ، ختمہ، سکتہ)

(iv)۔ 'دار' لگا کر چار لفظ بنائیے۔

(v)۔ تشبیہ کی تعریف مع مثال بیان کیجیے۔

سوال 8۔ نیچے دیئے گئے سوالات میں سے صرف تین سوالات کے جوابات لکھئے۔ 9

(i)۔ سجاد حیدر یلدرم علی گڑھ میں کس عہدے پر فائز تھے؟

(ii)۔ جمیل کے گھر مہمان بن کر کون لوگ آئے؟

(iii)۔ رفیع احمد قدوائی ملک وقوم کی خاطر کتنی بار جیل گئے؟

(iv)۔ گاندھی جی نے اردو زبان سیکھنے کے لیے کس سے مدد لی؟

(v)۔ ابن انشا نے خاتون کو کس طرح خوش کیا؟

سوال9۔ نیچے دیئے گئے سوالات میں سے صرف تین سوالات کے جوابات لکھئے۔ 6

(i)۔غالب کون تھے؟

(ii)۔رات کے دل میں گھاؤ لگنے سے کیا مراد ہے؟

(iii)۔شبنم اور گوہر کا آپس میں کیا تعلق ہے؟

(iv)۔نظم 'یہ ہے میرا ہندستان' کے شاعر کا نام کیا ہے؟

سوال10۔صحیح جملوں پر صحیح (✓) اور غلط پر (X) کا نشان لگائیں۔ 5

(i)۔حضرت محل کا اصلی نام محمدی بیگم تھا۔ ( )

(ii)۔10 مئی 1857 کو ہندستانی سپاہیوں نے بغاوت کا علم بلند کیا۔ ( )

(iii)۔حضرت محل پردہ نشین خاتون نہیں تھیں۔ ( )

(iv)۔حضرت محل نے حملے کے ڈر سے چوکی کو چھوڑ دیا۔ ( )

(v)۔کٹھمنڈو کی ہندوستانی مسجد میں حضرت محل کی ابدی آرام گاہ ہے۔ ( )